اٹلی

# آپ کو پناہ اور ہجرت کے انتظام کے ضابطے کے متعلق کیا جاننا ضروری ہے

قسم B

## کسی +EU ملک میں غیر قانونی طور پر مقیم تیسرے ملک کے شہری




URDU

# مشمولات

| | |
|---|---|
| آپ کو یہ کتابچہ کیوں مل رہا ہے؟ | 3 |
| پناہ اور ہجرت کے انتظام کا ضابطہ کیا ہے؟ | 4 |
| AMMR پراسیس میں رہتے ہوئے آپ کے حقوق؟ | 5 |
| آپ کو AMMR پراسیس کے دوران کہاں رہنا چاہیے؟ | 6 |
| اس پراسیس کے دوران آپ سے کیا توقع رکھی جاتی ہے؟ | - |
| آپ کو اپنی انگلیوں کے نشانات دینے اور تصویر کھنچوانے کی ضرورت کیوں ہے؟ | - |
| اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟ | - |
| تحویل کا کیا مطلب ہے؟ | - |
| مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ مجھے کسی دوسرے +EU ملک منتقل کیا جائے گا؟ | - |
| اس پراسیس میں کتنا عرصہ لگے گا؟ | - |
| اگر آپ منتقلی کے فیصلے سے متفق نہ ہوں، تو کیا ہوگا؟ | - |
| آپ کو اپیل کے پراسیس (جب التوا کا اثر اور ٹھوس بنیادوں پر اپیل ایک ساتھ ہوں) کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے | - |
| آپ کو اپیل کے پراسیس (جب التوا کا اثر اور ٹھوس بنیادوں پر اپیل علیحدہ ہوں) کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے | - |
| کونسا ذاتی ڈیٹا حاصل کیا جائے گا؟ | - |
| آپ کے ذاتی ڈیٹا کے حوالے سے آپ کو کیا حقوق حاصل ہیں؟ | - |

## آپ کو یہ کتابچہ کیوں مل رہا ہے؟

آپ بغیر اجازت اس ملک میں رہتے ہوئے پائے گئے ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ آپ کی انگلیوں کے نشانات لئے گئے تھے اور آپ کی تصویر کھینچی گئی تھی، اس معلومات کو Eurodac ڈیٹا بیس بھیجا گیا تھا، اور وہاں سے معلوم ہوا کہ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک صورتحال کا اطلاق ہوتا ہے:

- آپ نے ماضی میں کسی دوسرے +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ (جسے پناہ بھی کہا جاتا ہے) کی درخواست کی تھی۔
- آپ جس +EU ملک میں موجود ہیں، آپ کو اس کے علاوہ کسی دوسرے +EU ملک منتقل کیا گیا تھا۔
- آپ جس +EU ملک میں موجود ہیں، آپ کو کسی یورپی یا قومی آبادکاری یا انسان دوست داخلے کی اسکیم کے تحت اس کے علاوہ کسی دوسرے +EU ملک بھیجا گیا تھا۔

یہ بات سامنے آئی ہے کہ آپ کو کسی دوسرے +EU ملک میں ہونے کی ضرورت تھی، اس لئے اب ایک ایسا پراسیس شروع ہوگا جس سے متعین کیا جائے گا کہ آپ کو کس +EU ملک منتقل کیا جائے گا۔

آپ کو اس کتابچے میں تمام ضروری معلومات مل جائے گی۔

**اب آپ** اٹلی **میں ہیں، جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، بیلجیم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیکیا، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لگزمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈز، پولینڈ، پرتگال، جمہوریہ آئرلینڈ، رومانیہ، سلوواکیا، سلووینیا، اسپین، سویڈن اور

4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لختنشٹائن، ناروے۔

# پناہ اور ہجرت کے انتظام کا ضابطہ کیا ہے؟




+EU ممالک نے ایک مشترکہ قانون پر اتفاق کیا ہے، جسے پناہ اور ہجرت کے انتظام کا ضابطہ (AMMR) کہا جاتا ہے۔ یہ قانون اس بات کا فیصلہ کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے، کہ بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کس ملک کی ہے۔ اس میں ان حالات کے لئے بھی قواعد موجود ہیں، جب کسی +EU کے ملک میں آباد کیا جانے والا یا منتقل کیا جانے والا کوئی شخص بغیر اجازت کسی دوسرے +EU ملک میں رہ رہا ہو۔

اگر آپ نے ماضی میں بین الاقوامی تحفظ کی کوئی درخواست کی تھی، تو آپ کو اس بات کی ضمانت دی جاتی ہے کہ کوئی ایک +EU ملک آپ کی درخواست پر کام کرے گا، لیکن آپ خود سے اس +EU ملک کا انتخاب نہیں کر سکتے۔ آپ کی درخواست پر کام کرنے والے ملک کا فیصلہ AMMR قانون کے مطابق کیا جائے گا۔



اگر اس کتابچے میں ایسی کوئی چیز موجود ہو جو آپ کو سمجھ نہ آئے تو ایک آپ کسی امیگریشن کے افسر سے وضاحت حاصل کر سکتے ہیں۔

اس وقت +EU ممالک صرف یہی فیصلہ کر رہے ہیں کہ آپ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری ان میں سے کس ملک کی ہے، یا کیا آپ کو دوسرے +EU ملک میں موجود ہونے کی ضرورت ہے۔

اگر یہ فیصلہ کیا جائے کہ کوئی دوسرا +EU ملک آپ کی درخواست پر کام کرنے کا ذمہ دار ہے، یا یہ کہ آپ کو کسی دوسرے +EU ملک میں رہنے کی ضرورت ہے، تو آپ کو اس ملک منتقل کر دیا جائے گا۔

## AMMR پراسیس میں رہتے ہوئے آپ کے حقوق



**آپ اپنی درخواست پر کارروائی کرنے کے ذمہ دار +EU ملک کے تعین کے طریقۂ کار کے بارے میں تازہ معلومات طلب کرنے کا بھی حق رکھتے ہیں۔ اگر آپ تازہ معلومات طلب کرنا چاہتے ہیں، تو آپ درج ذیل پتے پر ای میل بھیج کر حکام سے رابطہ کر سکتے ہیں:**

*unitadublino@pecdlci.interno.it*





آپ پناہ کے پراسیس کے دوران کسی بھی وقت اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) سے رابطہ کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

UNHCR پناہ تلاش کرنے والوں اور پناہ گزین کے مفادات اور حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔

UNHCR کی رابطے کی تفصیلات اور پناہ کے پراسیس کے متعلق معلومات UNHCR کے ویب پیج https://help.unhcr.org/ پر موجود ہیں۔

## آپ کو AMMR پراسیس کے دوران کہاں رہنا چاہیے



- آپ کو فی الحال اس ملک میں رہنے کی ضرورت ہے۔
- اگر حکام فیصلہ کرتے ہیں کہ کسی دوسرے +EU ملک کو آپ کی درخواست پر کام کرنا چاہیے، تو حکام اس ملک میں آپ کے سفر کا انتظام کریں گے۔

## اس پراسیس کے دوران آپ سے کیا توقع رکھی جاتی ہے؟

آپ کو مندرجہ ذیل کرنا ہوگا:

- اپنی شناخت کے ثبوت کے طور پر تمام شناختی دستاویزات پیش کریں۔
اگر آپ کے پاس ماضی میں کوئی شناختی دستاویز تھی، لیکن اب آپ کے پاس یہ دستاویز موجود نہیں ہے، تو آپ کو حکام کو بتانا ہوگا کہ ماضی میں آپ کے ملک کی حکومت نے آپ کو ایک شناختی دستاویز فراہم کی تھی۔
- اگر آپ کسی +EU ملک گئے تھے تو حکام کو بتائیں۔
- اگر آپ بغیر اجازت کسی +EU ملک میں رہے تھے، تو حکام کو بتائیں۔
- اگر اس ملک میں یا کسی دوسرے +EU ملک میں آپ کا کوئی قریبی رشتہ دار موجود ہو تو حکام کو بتائیں۔

**اہم!** قانون کے مطابق آپ کے لئے اپنی انگلیوں کے نشانات دینا اور اپنی تصویر کھنچوانا ضروری ہیں۔

## آپ کو اپنی انگلیوں کے نشانات دینے اور تصویر کھنچوانے کی ضرورت کیوں ہے؟



اس ملک کے حکام آپ کی انگلیوں کے نشانات لیں گے اور آپ کی تصویر کھینچیں گے۔


اس ڈیٹا کو آپ کی شناخت اور دیگر متعلقہ معلومات کے ساتھ ایک مشترکہ یورپی ڈیٹا بیس بھیجا جائے گا، جسے Eurodac کہا جاتا ہے۔



تمام 31 EU+ ممالک اس ڈیٹا بیس کا استعمال کرتے ہیں اور آپ کے ڈیٹا کو پراسیس کر کے آپ کی معلومات بازیاب کرتے ہیں۔ اگر آپ بغیر اجازت کسی EU+ ملک جاتے ہیں اور دوبارہ آپ کی انگلیوں کے نشانات لیے جاتے ہیں، تو اس ملک کے حکام Eurodac میں ذخیرہ کردہ آپ کا تمام ڈیٹا دیکھ سکیں گے۔

Eurodac ڈیٹا بیس کے متعلق مزید معلومات ایک علیحدہ کتابچے میں فراہم کی گئی ہیں۔

## اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟




اگر آپ بغیر اجازت کسی EU+ ملک جاتے ہیں یا کسی دوسرے EU+ ملک میں بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست کرتے ہیں تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ آپ کو آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار EU+ ملک واپس بھیج دیا جائے۔

آپ کو جس EU+ ملک میں موجود ہونے کی ضرورت ہے، اگر آپ اس کے بجائے کسی دوسرے EU+ ملک میں موجود ہیں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کی آزادی پر پابندی عائد ہو جائے اور آپ کو ملنے والی معاونت میں کمی ہو جائے۔

## تحویل کا کیا مطلب ہے؟

تحویل میں لینے کا مطلب ہے کہ آپ کو ایک مخصوص جگہ پر رکھا گیا ہے اور آپ بلا رکاوٹ یہاں سے نہیں نکل سکتے۔ آپ کو تحویل میں لینے کے لئے حکام کے پاس ٹھوس وجہ ہونی چاہیے۔ انہیں یقین ہونا چاہیے کہ کوئی دوسرا راستہ موجود نہیں ہے۔ حکام فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کے ذاتی حالات کا جائزہ لیں گے۔ تحویل کی وجوہات، مثال کے طور پر، یہ ہو سکتی ہیں:



- آپ نے ایک مخصوص جگہ پر رہنے کی ضرورت کا احترام نہیں کیا، یا اس بات کا خطرہ موجود ہے کہ آپ دوبارہ بھاگ جائیں گے اور حکام آپ سے رابطہ نہیں کر پائیں گے
- آپ کو آپ کی پناہ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ دار +EU ملک لے جانے کا فیصلہ مل گیا ہے، اور وہاں جانے سے پہلے آپ کے بھاگنے کا خطرہ موجود ہے
- آپ کی وجہ سے سلامتی کو خطرہ ہے۔

اگر آپ کو تحویل میں لیا جائے تو آپ فیصلے کو اپیل کر سکتے ہیں اور مفت قانونی معاونت اور نمائندگی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**اہم!** اگر آپ بغیر اجازت کسی دوسرے +EU ملک جاتے ہیں، تو اس سے مستقبل میں آپ کے تحویل میں لیے جانے کا خطرہ بڑھ جائے گا۔

## مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ مجھے کسی دوسرے +EU ملک منتقل کیا جائے گا؟

اگر اس بات کی تصدیق ہو جائے کہ آپ کے لیے کسی دوسرے +EU ملک موجود ہونا ضروری ہے، تو آپ کو **منتقلی کا فیصلہ** فراہم کیا جائے گا جس میں بتایا جائے گا کہ آپ کو کس +EU ملک منتقل کیا جائے گا۔

اگر آپ کو کسی دوسرے +EU ملک میں ہونا ضروری ہے، تو ہو سکتا ہے کہ حکام آپ کا ذاتی انٹرویو نہ لیں۔

## اس پراسیس میں کتنا عرصہ لگے گا؟



ممالک کے درمیان رابطے میں عام طور پر **1 مہینے** تک کا وقت لگتا ہے۔




اگر کوئی دوسرا +EU ملک اس بات کی تصدیق کرے کہ وہ آپ کی درخواست پر کام کرے گا، تو آپ کی منتقلی کی درخواست قبول کرنے کے **6 مہینوں** کے اندر آپ کو منتقل کر دیا جائے گا۔



اگر آپ کو **اس وقت تحویل میں لیا گیا ہے، یا اگر آپ کو آگے چل کر تحویل میں لیا جائے**، تو آپ کے کیس پر **فوری بنیاد پر کام ہو گا**۔ آپ کی منتقلی کا انتظام **5 ہفتوں** کے اندر ہو جانا چاہیے۔ اگر 5 ہفتوں کے اندر یہ منتقلی نہ ہوئی تو آپ کو تحویل سے رہا کر دیا جائے گا۔ تاہم اس صورت میں بھی آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک کی طرف سے درخواست قبول کرنے کی تاریخ کے بعد **6 مہینوں** کے اندر آپ کی منتقلی کا انتظام ہوگا۔

اگر آپ کسی جرم کی وجہ سے قید کی سزا کاٹ رہے ہیں تو منتقلی کا دورانیہ **بڑھ کر زیادہ سے زیادہ 1 سال ہو سکتا ہے**۔




**اہم!** اگر آپ بھاگ جائیں، یا منتقلی کا انتظام کرنے والے حکام سے چھپ جائیں یا ان کے ساتھ تعاون نہ کریں، تو **منتقلی کا دورانیہ بڑھا کر زیادہ سے زیادہ 3 سال تک کیا جا سکتا ہے**۔

## اگر آپ منتقلی کے فیصلے سے متفق نہ ہوں، تو کیا ہوگا؟



اگر یہ فیصلہ کیا جائے کہ کوئی دوسرا +EU ملک آپ کی درخواست پر کام کرنے کا ذمہ دار ہے، تو آپ کو **منتقلی کا فیصلہ** ملے گا۔ اس فیصلے میں آپ کو بتایا جائے گا کہ اپ کو اس ملک منتقل کیا جائے گا۔

اگر آپ منتقلی کے فیصلے سے غیر متفق ہوں تو آپ عدالت کو اپنی وجوہات بتا سکتے ہیں۔ اسے اپیل دائر کرنا کہتے ہیں۔ جب آپ کسی فیصلے کو اپیل کرتے ہیں تو عدالت یا ٹربیونل حتمی فیصلہ کریں گے۔

منتقلی کے فیصلے کو اپیل کرنے کی صرف تین ہی وجوہات ہوتی ہیں:

- آپ دعویٰ کرتے ہیں کہ اس مخصوص +EU ملک میں منتقلی آپ کے انسانی حقوق کے خلاف ہے
- نئی معلومات موجود ہیں، جو منتقلی کے فیصلے کے وقت دستیاب نہیں تھیں، اور جن کی وجہ سے وہ فیصلہ متاثر ہو سکتا تھا
- آپ کا خاندان کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم ہے، اور آپ کا ان کے ساتھ ملاپ ہونا چاہیے۔



اگر آپ کے پاس اپنا قانونی مشیر کروانے کے لئے رقم نہ ہو، تو آپ کو اپیل کے سلسلے میں مفت مدد فراہم کرنے کے لئے قانونی مشیر فراہم کیا جائے گا۔

آپ کو اس پورے پراسیس میں ایک مترجم کی مدد ملے گی، جو آپ کو سمجھ آنے والی زبان بولتا ہے۔

## جب التوا کا اثر اور ٹھوس بنیادوں پر اپیلیں یکجا کی جائیں، تو آپ کو اس صورت میں اپیل کے متعلق کیا جاننے کی ضرورت ہے

آپ کو فراہم ہونے والے منتقلی کے فیصلے میں وقت کی میعاد، اور اپیل دائر کرنے کا طریقہ اور مقام، سمجھائے جائیں گے۔

آپ کو بتانا ہوگا کہ آپ کسی دوسرے +EU ملک منتقلی کے فیصلے سے کیوں غیر متفق ہیں۔

آپ کو یہ بھی بتانا ہوگا کہ آپ کو اپیل کے پراسیس کے دوران اپنی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک کیوں منتقل نہ کیا جائے۔

عدالت **1 مہینے** کے اندر فیصلہ کرے گی کہ کیا آپ اس وقت تک اس ملک میں رہ سکتے ہیں جب تک آپ کی اپیل جاری ہے۔ اسے ٹھوس بنیادوں کے اثر پر اپیل کہا جاتا ہے۔

اگر عدالت فیصلہ کرتی ہے کہ آپ اس ملک میں اپیل کے نتیجے کا انتظار نہیں کر سکتے، تو جب تک آپ کی اپیل جاری ہے، آپ کو اس وقت تک آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک منتقل کیا جائے گا۔

اگر عدالت فیصلہ کرتی ہے کہ آپ کو اس وقت تک اس ملک میں رہنے کی اجازت ملنی چاہیے جب تک آپ کی اپیل جاری ہے، تو عدالت التوا کے اثر کے فیصلے کے 1 مہینے کے اندر آپ کو آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک منتقل کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرنے کی کوشش کرے گی۔

اگر آپ کی اپیل قبول نہیں ہوتی، تو آپ کو آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک منتقل کیا جائے گا۔ یہ منتقلی عدالت کے حتمی فیصلے سنانے کے 6 مہینوں کے اندر ہو جانی چاہیے۔

اگر آپ کو اس وقت تحویل میں لیا گیا ہے، یا اگر آپ کو آگے چل کر تحویل میں لیا جائے، تو آپ کے کیس پر فوری بنیاد پر کام ہوگا۔ آپ کی منتقلی کا انتظام 5 ہفتوں کے اندر ہو جانا چاہیے۔ اگر 5 ہفتوں کے اندر یہ منتقلی نہ ہوئی تو آپ کو تحویل سے رہا کر دیا جائے گا۔ تاہم اس صورت میں بھی آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک کی طرف سے درخواست قبول کرنے کی تاریخ کے بعد 6 مہینوں کے اندر آپ کی منتقلی کا انتظام ہوگا۔

**اہم!** آپ کو حکام کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا، اور اپنی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار +EU ملک جانا ہوگا۔

## کونسا ذاتی ڈیٹا حاصل کیا جائے گا؟



آپ جس +EU ملک میں ٹھہرے ہوئے ہیں، وہاں کے افسران مخصوص معلومات حاصل کریں گے، جس میں مندرجہ ذیل شامل ہے:

- آپ کی اور آپ کے ساتھ سفر کرنے والے خاندان کے افراد کی ذاتی تفصیلات (نام، قومیت، تاریخ پیدائش، جائے پیدائش)۔ اگر آپ نے ماضی میں کسی دوسرے نام یا تفصیلات کا استعمال کیا تھا، تو وہ آپ سے اس کے بارے میں پوچھیں گے۔
- آپ کی شناخت اور سفری دستاویزات کے متعلق معلومات۔
- آپ کی شناخت کی تصدیق کے لئے کوئی بھی دیگر معلومات، جیسے کہ آپ کی انگلیوں کے نشانات۔
- کسی دوسرے +EU ملک میں مقیم خاندان کے افراد کے متعلق تفصیلات، جیسے کہ ان کی ذاتی تفصیلات، آپ کا ان سے آخری بار کب رابطہ ہوا تھا، ان کی لوکیشن، اور ان کی قانونی حیثیت۔
- اگر قابل اطلاق ہو تو ان دستاویزات کے متعلق تفصیلات جن کی بدولت آپ کے لئے کسی +EU ملک میں رہنا ممکن ہو۔
- ان دستاویزات کے متعلق معلومات جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے کسی +EU ملک میں ایک سال سے زیادہ عرصے تک تعلیم حاصل کی ہے۔
- ان ممالک کے متعلق معلومات جن سے آپ گزر کر اس ملک آئے تھے۔
- آپ کے ذاتی حالات۔
- آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی پچھلی درخواستوں کی تاریخیں اور ان کا نتیجہ۔

## آپ کے ذاتی ڈیٹا کے حوالے سے آپ کو کیا حقوق حاصل ہیں؟

آپ کو حکام کو فراہم کردہ تمام ڈیٹا تک رسائی کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کا کوئی بھی ذاتی ڈیٹا غلط ہے یا اس پر قانونی طور پر کارروائی نہیں کی گئی ہے، تو آپ ڈیٹا کنٹرولر سے رابطہ کر کے اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی کر سکتے ہیں تاکہ آپ غلط ڈیٹا کی درستی یا غیر قانونی طور پر پراسیس ہونے والے ڈیٹا کو حذف کرنے کی درخواست کر سکیں۔

اس ملک کے ڈیٹا کنٹرولر سے رابطہ کرنے کی معلومات درج ذیل ہے۔

*وزارتِ داخلہ*

# میرے نوٹس

EUAA
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار تھرڈ پارٹی کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025